# حج وعمرہ کے لئے جاتے ہوئے تجارتی سامان ساتھ لے جانے کا حکم

**مجیب:** مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3538

**تاریخ اجراء:** 07 شعبان المعظم 1446ھ/06 فروری 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

## سوال

میں عمرہ کے لئے جارہا ہوں تو کیا ساتھ بیچنے کے لئے کوئی سامان لے جا سکتا ہوں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

حج و عمرے کے لیے جاتے ہوئے جائز سامانِ تجارت لے کر جانے میں شرعا کوئی حرج نہیں جبکہ اس کی وجہ سے حج و عمرہ کے افعال میں کوئی فرق نہ آئے۔ البتہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ سامان اس قسم کا نہ ہو جسے وہاں لے جانے پر قانونی پابندی ہو کہ پکڑے جانے کی صورت میں کسی طرح کی ذلت و رسوائی کا سامنا کرنا پڑے، اسی طرح ایسا بھی نہ ہو کہ اس کی وجہ سے کسی قسم کی غلط بیانی کرنے کی نوبت آئے وغیرہ وغیرہ۔ الغرض! تمام شرعی و قانونی خرابیوں سے بچتے ہوئے جائز سامان تجارت ساتھ لے کر جانے میں حرج نہیں جبکہ اس کی وجہ سے حج و عمرہ کے افعال کی ادائیگی میں کوئی فرق نہ آئے۔

قرآن پاک میں ارشاد خداوندی ہے: (لَیۡسَ عَلَیۡکُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَبۡتَغُوۡا فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّکُمۡ) ترجمہ کنز الایمان: تم پر کچھ گناہ نہیں کہ اپنے رب کا فضل تلاش کرو۔ (سورۃ البقرۃ، پ02، آیت198)

امام ابو بکر جصاص رازی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں: "قال اللہ عقیب ذکر الحج والتزود له [ليس عليكم جناح أن تبتغوا فضلا من ربكم] يعني المخاطبين بأول الآية وهم المأمورون بالتزود للحج وأباح لهم التجارة فيه" ترجمہ: اللہ پاک نے حج اور اس کے لیے زادِ راہ لینے کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا: تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو۔ "یعنی وہ لوگ جو شروع آیت سے مخاطب ہیں، جن کو حج کے لیے زاد

راہ لینے کا حکم دیا گیا۔ **ان کے لیے حج کے دنوں میں تجارت کو جائز قرار دیا۔**(احکام القرآن، ج 1، ص 386، دار إحیاء التراث، بیروت)

اسی آیت مبارکہ کے تحت خزائن العرفان میں ہے "**شان نزول:** بعض مسلمانوں نے خیال کیا کہ راہِ حج میں جس نے تجارت کی یا اونٹ کرایہ پر چلائے اس کا حج ہی کیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی **مسئلہ:** جب تک تجارت سے افعال حج کی ادا میں فرق نہ آئے اس وقت تک تجارت مباح ہے۔"(خزائن العرفان)

**وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net